القرآن الكريم

سُورَةُ البَقَرَة

سُورَةُ المُؤْمِنُونَ

لفظی اور با محاورہ ترجمہ

By Shehla Rani

HAQUE

Coaching and Consulting

00966 503 370483

﴿ سُورَةُ المُؤۡمِنُونَ﴾

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

قَدۡ أَفۡلَحَ ٱلۡمُؤۡمِنُونَ ۝١ ٱلَّذِينَ هُمۡ فِي صَلَاتِهِمۡ

فِي صَلَاتِهِمۡ	هُمۡ	ٱلَّذِينَ	ٱلۡمُؤۡمِنُونَ ۝١	أَفۡلَحَ	قَدۡ
اپنی نمازوں میں	وہ	وہ لوگ کہ	مومن	فلاح پاگئے	یقیناً
یقیناً مومن کامیاب ہوگئے جو اپنی نمازوں میں خشوع (عاجزی) کرنے والے ہیں					

خَٰشِعُونَ ۝٢ وَٱلَّذِينَ هُمۡ عَنِ ٱللَّغۡوِ مُعۡرِضُونَ ۝٣

مُعۡرِضُونَ ۝٣	عَنِ ٱللَّغۡوِ	هُمۡ	وَٱلَّذِينَ	خَٰشِعُونَ ۝٢
منہ پھیرنے والے ہیں	لغویات (فضول باتوں) سے	وہ	اور وہ لوگ کہ	خشوع (عاجزی) کرنے والے ہیں
جو لغویات (فضول باتوں) سے منہ پھیرنے والے ہیں				

وَٱلَّذِينَ هُمۡ لِلزَّكَوٰةِ فَٰعِلُونَ ۝٤ وَٱلَّذِينَ هُمۡ

هُمۡ	وَٱلَّذِينَ	فَٰعِلُونَ ۝٤	لِلزَّكَوٰةِ	هُمۡ	وَٱلَّذِينَ
وہ	اور وہ لوگ کہ	ادا کرنے والے ہیں	زکاۃ	وہ	اور وہ لوگ کہ
جو زکاۃ ادا کرنے والے ہیں					

لِفُرُوجِهِمۡ حَـٰفِظُونَ۝٥ إِلَّا عَلَىٰٓ أَزۡوَٰجِهِمۡ أَوۡ مَا مَلَكَتۡ

لِفُرُوجِهِمۡ	حَـٰفِظُونَ۝٥	إِلَّا	عَلَىٰٓ أَزۡوَٰجِهِمۡ	أَوۡ	مَا مَلَكَتۡ
اپنی شرمگاہوں کی	حفاظت کرنے والے ہیں	مگر	اپنی بیویوں سے	یا	جن (لونڈیوں) کے مالک ہوئے
جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں مگر اپنی بیویوں اور ملکیت کی لونڈیوں کے					

أَيۡمَـٰنُهُمۡ فَإِنَّهُمۡ غَيۡرُ مَلُومِينَ۝٦ فَمَنِ

أَيۡمَـٰنُهُمۡ	فَإِنَّهُمۡ	غَيۡرُ	مَلُومِينَ۝٦	فَمَنِ
ان کے دائیں ہاتھ	تو بلاشبہ (ان سے جنسی خواہش پوری کرنے میں) وہ	نہیں ہیں	ملامت کیے ہوئے	پھر جو شخص
تو بلاشبہ (ان سے جنسی خواہش پوری کرنے میں) وہ ملامت کیے ہوئے نہیں ہیں۔				

ٱبۡتَغَىٰ وَرَآءَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَـٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡعَادُونَ۝٧ وَٱلَّذِينَ

ٱبۡتَغَىٰ	وَرَآءَ	ذَٰلِكَ	فَأُوْلَـٰٓئِكَ هُمُ	ٱلۡعَادُونَ۝٧	وَٱلَّذِينَ
تلاش کرے	سوائے	ان کے	تو وہی لوگ ہیں	حد سے گزرنے والے	اور وہ لوگ کہ
پھر جو شخص ان کے سوائے تلاش کرے تو وہی لوگ حد سے گزرنے والے ہیں۔					

هُمۡ لِأَمَـٰنَـٰتِهِمۡ وَعَهۡدِهِمۡ رَٰعُونَ۝٨ وَٱلَّذِينَ هُمۡ

هُمۡ	لِأَمَـٰنَـٰتِهِمۡ	وَعَهۡدِهِمۡ	رَٰعُونَ۝٨	وَٱلَّذِينَ	هُمۡ
وہ	اپنی امانتوں کی	اور اپنے عہد کی	حفاظت کرنے والے ہیں	اور وہ لوگ کہ	وہ
جو اپنی امانتوں کی اور اپنے عہد کی حفاظت کرنے والے ہیں۔					

عَلَىٰ صَلَوَٰتِهِمۡ يُحَافِظُونَ۝٩ أُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡوَٰرِثُونَ۝١٠ ٱلَّذِينَ يَرِثُونَ

يَرِثُونَ	ٱلَّذِينَ	ٱلۡوَٰرِثُونَ۝١٠	أُوْلَٰٓئِكَ هُمُ	يُحَافِظُونَ۝٩	عَلَىٰ صَلَوَٰتِهِمۡ
وارث ہونگے	وہ جو	وارث	یہی لوگ ہیں	حفاظت کرتے ہیں	اپنی نمازوں کی

اور جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ یہی لوگ وارث ہیں

ٱلۡفِرۡدَوۡسَ هُمۡ فِيهَا خَٰلِدُونَ۝١١ وَلَقَدۡ خَلَقۡنَا

خَلَقۡنَا	وَلَقَدۡ	خَٰلِدُونَ۝١١	فِيهَا	هُمۡ	ٱلۡفِرۡدَوۡسَ
ہم نے پیدا کیا	اور یقیناً	ہمیشہ رہینگے	اس میں	وہ	فردوس کے

جو جنت فردوس کے وارث ہونگے جہاں وہ ہمیشہ رہینگے۔

ٱلۡإِنسَٰنَ مِن سُلَٰلَةٖ مِّن طِينٖ۝١٢ ثُمَّ جَعَلۡنَٰهُ نُطۡفَةٗ فِي قَرَارٖ مَّكِينٖ۝١٣

فِي قَرَارٖ مَّكِينٖ۝١٣	نُطۡفَةٗ	جَعَلۡنَٰهُ	ثُمَّ	مِن سُلَٰلَةٖ مِّن طِينٖ۝١٢	ٱلۡإِنسَٰنَ
محفوظ قرا گاہ (رحم) میں	ایک نطفہ	ہم نے اُسے بنایا	پھر	مٹی کے خلاصے (ست) سے	انسان کو

یقیناً ہم نے انسان کو مٹی کے خلاصے (ست) سے پیدا کیا پھر اسے نطفہ بنا کر محفوظ جگہ میں قرار دے دیا۔

ثُمَّ خَلَقۡنَا ٱلنُّطۡفَةَ عَلَقَةٗ فَخَلَقۡنَا ٱلۡعَلَقَةَ

ٱلۡعَلَقَةَ	فَخَلَقۡنَا	عَلَقَةٗ	ٱلنُّطۡفَةَ	خَلَقۡنَا	ثُمَّ
اس جمے ہوئے خون کو	پھر ہم نے بنایا	جماہوا خون	اس نطفے کو	ہم نے بنایا	پھر

پھر ہم نے اس نطفے کو جماہوا خون بنایا پھر ہم نے اس جمے ہوئے خون کو گوشت کالو تھڑا بنایا

مُضۡغَةَ فَخَلَقۡنَا ٱلۡمُضۡغَةَ عِظَٰمًا فَكَسَوۡنَا ٱلۡعِظَٰمَ

ٱلۡعِظَٰمَ	فَكَسَوۡنَا	عِظَٰمًا	ٱلۡمُضۡغَةَ	فَخَلَقۡنَا	مُضۡغَةَ
ان ہڈیوں کو	پھر ہم نے پہنایا	ہڈیاں	اس لوتھڑے کی	پھر ہم نے بنائیں	گوشت کالوتھڑا

پھر ہم نے اس لوتھڑے کی ہڈیاں بنائیں پھر ہم نے ان ہڈیوں کو گوشت پہنایا

لَحۡمًا ثُمَّ أَنشَأۡنَٰهُ خَلۡقًا ءَاخَرَۚ فَتَبَارَكَ ٱللَّهُ

فَتَبَارَكَ ٱللَّهُ	ءَاخَرَۚ	خَلۡقًا	أَنشَأۡنَٰهُ	ثُمَّ	لَحۡمًا
پس بڑابابرکت ہے اللہ	اور ہی (مکمل شکل) میں	مخلوق	ہم نے اسے پیدا کیا	پھر	گوشت

پھر ہم نے اسے ایک اور ہی تخلیق پر اٹھادیا

أَحۡسَنُ ٱلۡخَٰلِقِينَ ١٤ ثُمَّ إِنَّكُم بَعۡدَ ذَٰلِكَ لَمَيِّتُونَ ١٥ ثُمَّ

ثُمَّ	لَمَيِّتُونَ ١٥	بَعۡدَ ذَٰلِكَ	إِنَّكُم	ثُمَّ	أَحۡسَنُ ٱلۡخَٰلِقِينَ ١٤
پھر	یقیناً مرنے والے ہو	اس کے بعد	بیشک تم	پھر	جو بنانے والوں میں سب سے اچھا ہے

پس بڑابابرکت ہے اللہ جو بنانے والوں میں سب سے اچھا ہے۔ پھر اس کے بعد تم لوگ یقیناً مرنے والے ہو۔

إِنَّكُمۡ يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ تُبۡعَثُونَ ١٦ وَلَقَدۡ خَلَقۡنَا فَوۡقَكُمۡ

فَوۡقَكُمۡ	خَلَقۡنَا	وَلَقَدۡ	تُبۡعَثُونَ ١٦	يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ	إِنَّكُمۡ
تمھارے اوپر	ہم نے پیدا کیے	اور یقیناً	دوبارہ اُٹھائے جاؤ گے	قیامت کے دن	یقیناً تم

پھر قیامت کے دن تم لوگ یقیناً دوبارہ اُٹھائے جاؤ گے۔ ہم نے تمھارے اوپر سات بنائے ہیں

سَبۡعَ طَرَآئِقَ وَمَا كُنَّا عَنِ ٱلۡخَلۡقِ غَٰفِلِينَ ﴿١٧﴾ وَأَنزَلۡنَا

سَبۡعَ	طَرَآئِقَ	وَمَا كُنَّا	عَنِ ٱلۡخَلۡقِ	غَٰفِلِينَ ﴿١٧﴾	وَأَنزَلۡنَا
سات	تہ بہ تہ	اور ہم نہیں ہیں	اپنی مخلوق سے	غافل (بے خبر)	اور ہم نے نازل کیا
اور ہم مخلوقات سے غافل نہیں ہیں۔					

مِنَ ٱلسَّمَآءِ مَآءَۢ بِقَدَرٖ فَأَسۡكَنَّٰهُ فِي ٱلۡأَرۡضِۖ وَإِنَّا

مِنَ ٱلسَّمَآءِ	مَآءَۢ	بِقَدَرٖ	فَأَسۡكَنَّٰهُ	فِي ٱلۡأَرۡضِۖ	وَإِنَّا
آسمان سے	پانی	ایک اندازے کے ساتھ	پھر ہم نے اسے ٹھہرایا	زمین میں	اور بیشک ہم
اور ہم نے آسمان سے پانی ایک اندازے کے ساتھ نازل کیا پھر ہم نے اسے زمین میں ٹھہرایا					

عَلَىٰ ذَهَابِۭ بِهِۦ لَقَٰدِرُونَ ﴿١٨﴾ فَأَنشَأۡنَا لَكُم بِهِۦ جَنَّٰتٖ

عَلَىٰ ذَهَابِۭ بِهِۦ	لَقَٰدِرُونَ ﴿١٨﴾	فَأَنشَأۡنَا	لَكُم	بِهِۦ	جَنَّٰتٖ
اس کے لے جانے پر بھی	یقیناً قادر ہیں	پھر ہم نے پیدا کیے	تمھارے لیے	اس کے ذریعے سے	باغات
اور بیشک ہم اس کے لے جانے پر بھی قادر ہیں۔اسی پانی کے ذریعے سے ہم نے تمھارے لیے					

مِّن نَّخِيلٖ وَأَعۡنَٰبٖ لَّكُمۡ فِيهَا فَوَٰكِهُ كَثِيرَةٞ

مِّن نَّخِيلٖ	وَأَعۡنَٰبٖ	لَّكُمۡ	فِيهَا	فَوَٰكِهُ	كَثِيرَةٞ
کھجوروں کے	اور انگوروں کے	تمھارے لیے	اس میں	لذیذ میوے ہیں	بہت زیادہ
کھجوروں اور انگوروں کے باغات پیدا کیے تمھارے لیے ان میں بہت سے لذیذ میوے ہیں					

وَمِنۡهَا تَأۡكُلُونَ ١٩ وَشَجَرَةٗ تَخۡرُجُ مِن طُورِ سَيۡنَآءَ

وَمِنۡهَا	تَأۡكُلُونَ ١٩	وَشَجَرَةٗ	تَخۡرُجُ	مِن طُورِ سَيۡنَآءَ
اور انہی میں سے کچھ	تم کھاتے ہو	اور ((ہم نے پیدا کیا)) ایک درخت	جو نکلتا (اگتا) ہے	طور سیناء سے

اور انہی میں سے تم کھاتے بھی ہو۔ اور وہ درخت جو طور سیناء پہاڑ سے نکلتا ہے

تَنۢبُتُ بِٱلدُّهۡنِ وَصِبۡغٖ لِّلۡأٓكِلِينَ ٢٠ وَإِنَّ لَكُمۡ فِي ٱلۡأَنۡعَٰمِ

تَنۢبُتُ بِٱلدُّهۡنِ	وَصِبۡغٖ	لِّلۡأٓكِلِينَ ٢٠	وَإِنَّ	لَكُمۡ	فِي ٱلۡأَنۡعَٰمِ
وہ اگاتا ہے روغن (تیل)	اور سالن	کھانے والوں کے لیے	اور بیشک	تمھارے لیے	چوپایوں میں

جو تیل نکالتا ہے اور کھانے والوں کے لیے سالن ہے۔ اور یقیناً تمھارے لیے ان چوپایوں میں بھی عبرت کا سامان ہے۔

لَعِبۡرَةٗۖ نُّسۡقِيكُم مِّمَّا فِي بُطُونِهَا وَلَكُمۡ فِيهَا

لَعِبۡرَةٗۖ	نُّسۡقِيكُم	مِّمَّا	فِي بُطُونِهَا	وَلَكُمۡ	فِيهَا
یقیناً سامان عبرت ہے	ہم تمھیں پلاتے ہیں	اس میں سے جو	ان کے پیٹوں میں ہے	اور تمھارے لیے	ان میں

ان کے پیٹوں میں سے ہم تمھیں دودھ پلاتے ہیں

مَنَٰفِعُ كَثِيرَةٞ وَمِنۡهَا تَأۡكُلُونَ ٢١ وَعَلَيۡهَا وَعَلَى ٱلۡفُلۡكِ

مَنَٰفِعُ	كَثِيرَةٞ	وَمِنۡهَا	تَأۡكُلُونَ ٢١	وَعَلَيۡهَا	وَعَلَى ٱلۡفُلۡكِ
منافع ہیں	بہت زیادہ	اور ان میں سے بعض کو	تم کھاتے ہو	اور ان (چوپایوں) پر	اور کشتیوں پر

اور تمھارے لیے ان میں بہت سے فائدے ہیں اور ان میں سے بعض کو تم کھاتے ہو

تُحۡمَلُونَ۝٢٢ وَلَقَدۡ أَرۡسَلۡنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوۡمِهِۦ فَقَالَ

تُحۡمَلُونَ۝٢٢	وَلَقَدۡ	أَرۡسَلۡنَا	نُوحًا	إِلَىٰ قَوۡمِهِۦ	فَقَالَ
تم سوار کیے جاتے ہو	اور یقیناً	ہم نے بھیجا	نوحؑ کو	اس کی قوم کی طرف	تو اس نے کہا
اور ان (چوپایوں) پر اور کشتیوں پر تم سوار کیے جاتے ہو۔ اور یقیناً ہم نے نوحؑ کو اس کی قوم کی طرف بھیجا					

يَٰقَوۡمِ ٱعۡبُدُواْ ٱللَّهَ مَا لَكُم مِّنۡ إِلَٰهٍ غَيۡرُهُۥٓۚ أَفَلَا تَتَّقُونَ۝٢٣

يَٰقَوۡمِ	ٱعۡبُدُواْ ٱللَّهَ	مَا لَكُم	مِّنۡ إِلَٰهٍ	غَيۡرُهُۥٓۚ	أَفَلَا تَتَّقُونَ۝٢٣
اے میری قوم!	تم اللہ کی عبادت کرو	تمھارے لیے نہیں ہے	کوئی اور معبود	اس کے سوا	کیا پھر تم ڈرتے نہیں؟
تو اس نے کہا اے میری قوم! تم اللہ کی عبادت کرو تمھارے لیے اللہ کے سوا کوئی اور معبود نہیں ہے کیا پھر تم ڈرتے نہیں؟					

فَقَالَ ٱلۡمَلَؤُاْ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ مِن قَوۡمِهِۦ مَا هَٰذَآ

فَقَالَ	ٱلۡمَلَؤُاْ	ٱلَّذِينَ	كَفَرُواْ	مِن قَوۡمِهِۦ	مَا هَٰذَآ
تو کہا	ان سرداروں نے	جنہوں نے	کفر کیا	اس کی قوم میں سے	نہیں ہے یہ
نوحؑ کی قوم کے کافر سرداروں نے کہا کہ یہ تو تم جیسا ہی انسان ہے					

إِلَّا بَشَرٌ مِّثۡلُكُمۡ يُرِيدُ أَن يَتَفَضَّلَ

إِلَّا	بَشَرٌ	مِّثۡلُكُمۡ	يُرِيدُ	أَن	يَتَفَضَّلَ
مگر	بشر	تم ہی جیسا	وہ چاہتا ہے	یہ کہ	وہ برتری حاصل کرے
وہ تم پر برتری حاصل کرنا چاہتا ہے					

عَلَيۡكُمۡ وَلَوۡ شَآءَ ٱللَّهُ لَأَنزَلَ مَلَٰٓئِكَةٗ مَّا سَمِعۡنَا

عَلَيۡكُمۡ	وَلَوۡ	شَآءَ ٱللَّهُ	لَأَنزَلَ	مَلَٰٓئِكَةٗ	مَّا سَمِعۡنَا
تم پر	اور اگر	اللہ چاہتا	تو یقیناً نازل کرتا	فرشتے	ہم نے نہیں سنی
اور اگر اللہ چاہتا تو فرشتے کو نازل کرتا					

بِهَٰذَا فِيٓ ءَابَآئِنَا ٱلۡأَوَّلِينَ ٢٤ إِنۡ هُوَ إِلَّا رَجُلُۢ

بِهَٰذَا	فِيٓ ءَابَآئِنَا ٱلۡأَوَّلِينَ ٢٤	إِنۡ	هُوَ	إِلَّا	رَجُلُۢ
یہ (توحید کی بات / بشر بھی نبی ہوتا ہے)	اپنے پہلے باپ دادا میں	نہیں ہے	یہ	مگر	ایک آدمی ہی
ہم نے یہ (توحید کی بات / بشر بھی نبی ہوتا ہے) اپنے پہلے باپ دادا میں نہیں سنی۔ یہ تو بس ایک ایسا شخص ہے					

بِهِۦ جِنَّةٞ فَتَرَبَّصُواْ بِهِۦ حَتَّىٰ حِينٖ ٢٥ قَالَ

بِهِۦ	جِنَّةٞ	فَتَرَبَّصُواْ	بِهِۦ	حَتَّىٰ حِينٖ ٢٥	قَالَ
اسے	جنون ہے	پھر تم انتظار کرو	اس کا	ایک وقت تک	اس (نوح) نے کہا
جسے کچھ جنون لاحق ہو گیا ہے پھر تم انتظار کرو اس (کے انجام) کا کچھ وقت کے لیے۔ اس (نوح) نے کہا					

رَبِّ ٱنصُرۡنِي بِمَا كَذَّبُونِ ٢٦ فَأَوۡحَيۡنَآ إِلَيۡهِ

رَبِّ	ٱنصُرۡنِي	بِمَا	كَذَّبُونِ ٢٦	فَأَوۡحَيۡنَآ	إِلَيۡهِ
اے میرے رب!	تو میری مدد کر	اس وجہ سے کہ	انہوں نے مجھے جھٹلایا ہے	تب ہم نے وحی کی	اس کی طرف
اے میرے رب! تو میری مدد کر اس وجہ سے کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا ہے۔ تب ہم نے نوحؑ کی طرف وحی کی					

أَنِ ٱصۡنَعِ ٱلۡفُلۡكَ بِأَعۡيُنِنَا وَوَحۡيِنَا فَإِذَا

أَنِ	ٱصۡنَعِ	ٱلۡفُلۡكَ	بِأَعۡيُنِنَا	وَوَحۡيِنَا	فَإِذَا
یہ کہ	تو بنا	کشتی	ہماری آنکھوں کے سامنے	اور ہماری وحی کے مطابق	پھر جب
کہ ہماری نگرانی (آنکھوں کے سامنے) اور وحی کی ہدایات کے مطابق ایک کشتی بناؤ					

جَآءَ أَمۡرُنَا وَفَارَ ٱلتَّنُّورُ فَٱسۡلُكۡ فِيهَا

جَآءَ	أَمۡرُنَا	وَفَارَ	ٱلتَّنُّورُ	فَٱسۡلُكۡ	فِيهَا
آجائے	ہمارا حکم	اور ابل پڑے	تنور	تو داخل (سوار) کر	اس (کشتی) میں
پھر جب ہمارا حکم آجائے اور تنور ابل پڑے					

مِن كُلٍّ زَوۡجَيۡنِ ٱثۡنَيۡنِ وَأَهۡلَكَ إِلَّا مَن سَبَقَ

مِن كُلٍّ	زَوۡجَيۡنِ	ٱثۡنَيۡنِ	وَأَهۡلَكَ	إِلَّا مَن	سَبَقَ
ہر قسم سے	جوڑے (ہر ایک سے نر اور مادہ)	دونوں	اور اپنے گھر والوں کو	سوائے اس کے کہ	پہلے گزر چکا
تو اس میں رکھ لینا تمام مخلوق میں سے جوڑے اور اپنے گھر والوں کو بھی سوار کرا لینا					

عَلَيۡهِ ٱلۡقَوۡلُ مِنۡهُمۡۖ وَلَا تُخَٰطِبۡنِي فِي ٱلَّذِينَ ظَلَمُوٓاْ

عَلَيۡهِ	ٱلۡقَوۡلُ	مِنۡهُمۡۖ	وَلَا تُخَٰطِبۡنِي	فِي ٱلَّذِينَ	ظَلَمُوٓاْ
اس کی بابت	(اللہ کا) حکم	ان میں سے	اور مجھ سے بات نہ کرنا	ان لوگوں کے بارے میں	جنہوں نے ظلم کیا
سوائے ان کے جن کے بارے میں ان میں سے پہلے ہی بات طے ہو چکی ہے۔ اور مجھ سے ان لوگوں کے بارے میں بات نہ کرنا					

إِنَّهُم مُّغْرَقُونَ ﴿٢٧﴾ فَإِذَا ٱسْتَوَيْتَ أَنتَ وَمَن

إِنَّهُم	مُّغْرَقُونَ ﴿٢٧﴾	فَإِذَا	ٱسْتَوَيْتَ	أَنتَ	وَمَن
بیشک وہ سب	ڈبوئے جائینگے	پھر جب	پورے طور پر بیٹھ جاؤ	تو	اور وہ جو

جنہوں نے ظلم (شرک) کیا یقیناً وہ سب غرق کر دیئے جائینگے۔ پھر جب تم اور تمھارے سب ساتھی کشتی میں بیٹھ جائیں

مَّعَكَ عَلَى ٱلْفُلْكِ فَقُلِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ ٱلَّذِى نَجَّىٰنَا

مَّعَكَ	عَلَى ٱلْفُلْكِ	فَقُلِ	ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ	ٱلَّذِى	نَجَّىٰنَا
تیرے ساتھ ہیں	کشتی پر	تو کہہ!	تمام تعریف اللہ ہی کے لیے ہے	وہ جس نے	ہمیں نجات دی

تو کہیئے! تمام تعریف اللہ ہی کے لیے ہے وہ جس نے ہمیں ظالم قوم سے نجات دی۔

مِنَ ٱلْقَوْمِ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٢٨﴾ وَقُل رَّبِّ أَنزِلْنِى مُنزَلًا مُّبَارَكًا

مِنَ ٱلْقَوْمِ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٢٨﴾	وَقُل	رَّبِّ	أَنزِلْنِى	مُنزَلًا	مُّبَارَكًا
ظالم قوم سے	اور تو کہہ	اے میرے رب!	تو مجھے اتار	اتارنا	بابرکت

اور آپؐ دعا کیجیے اے میرے رب! مجھے اتاریو برکت والا اتارنا

وَأَنتَ خَيْرُ ٱلْمُنزِلِينَ ﴿٢٩﴾ إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَءَايَٰتٍ وَإِن

وَأَنتَ	خَيْرُ ٱلْمُنزِلِينَ ﴿٢٩﴾	إِنَّ	فِى ذَٰلِكَ	لَءَايَٰتٍ	وَإِن
اور تو	اتارنے والوں میں سب سے بہتر ہے	بیشک	اس (واقعے) میں	نشانیاں ہیں	اور بیشک

اور یقیناً اللہ آپ ہی ہیں بہترین اتارنے والے۔ بیشک اس واقعے میں نشانیاں ہیں

كُنَّا لَمُبۡتَلِينَ ٣٠ ثُمَّ أَنشَأۡنَا مِنۢ بَعۡدِهِمۡ قَرۡنًا

قَرۡنًا	مِنۢ بَعۡدِهِمۡ	أَنشَأۡنَا	ثُمَّ	لَمُبۡتَلِينَ ٣٠	كُنَّا
لوگ	اس کے بعد	ہم نے پیدا کیے	پھر	یقیناً آزمانے والے	ہم ہمیشہ سے ہیں
اور یقیناً ہم آزمانے والے ہیں۔ پھر ان کے بعد ہم نے ایک اور نسل کو اٹھایا۔					

ءَاخَرِينَ ٣١ فَأَرۡسَلۡنَا فِيهِمۡ رَسُولًا مِّنۡهُمۡ أَنِ

أَنِ	مِّنۡهُمۡ	رَسُولًا	فِيهِمۡ	فَأَرۡسَلۡنَا	ءَاخَرِينَ ٣١
یہ کہ	انہی میں سے	ایک رسول	ان میں	اور ہم نے بھیجا	دوسرے
اور ہم نے ان میں انہی میں سے ایک رسول بھیجا					

ٱعۡبُدُواْ ٱللَّهَ مَا لَكُم مِّنۡ إِلَٰهٍ غَيۡرُهُۥٓۚ أَفَلَا تَتَّقُونَ ٣٢

فَلَا تَتَّقُونَ ٣٢	أَ	غَيۡرُهُۥٓۚ	مِّنۡ إِلَٰهٍ	مَا لَكُم	ٱعۡبُدُواْ ٱللَّهَ
پھر تم ڈرتے نہیں؟	کیا	اس کے سوا	کوئی معبود	تمھارے لیے نہیں ہے	تم اللہ کی عبادت کرو
(اس نے بھی یہی کہا) کہ تم اللہ کی عبادت کرو اللہ کے سوا تمھارا کوئی معبود نہیں کیا پھر تم ڈرتے نہیں؟					

وَقَالَ ٱلۡمَلَأُ مِن قَوۡمِهِ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ وَكَذَّبُواْ

وَكَذَّبُواْ	كَفَرُواْ	ٱلَّذِينَ	مِن قَوۡمِهِ	ٱلۡمَلَأُ	وَقَالَ
اور جھٹلایا	کفر کیا	جنہوں نے	اس کی قوم میں سے	ان وڈیروں نے	اور کہا
اور کہا اُس کی قوم کے ان وڈیروں نے جنہوں نے کفر کیا اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا					

بِلِقَآءِ ٱلۡأٓخِرَةِ وَأَتۡرَفۡنَٰهُمۡ فِي ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَا مَا هَٰذَآ إِلَّا بَشَرٞ

بِلِقَآءِ ٱلۡأٓخِرَةِ	وَأَتۡرَفۡنَٰهُمۡ	فِي ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَا	مَا هَٰذَآ	إِلَّا	بَشَرٞ
آخرت کی ملاقات کو	جبکہ ہم نے انہیں خوشحالی دی تھی	دنیا کی زندگی میں	نہیں ہے یہ (رسول)	مگر	بشر
جبکہ ہم نے انہیں دنیا کی زندگی میں خوشحالی دی تھی کہ یہ تو تم جیسا انسان ہی ہے					

مِّثۡلُكُمۡ يَأۡكُلُ مِمَّا تَأۡكُلُونَ مِنۡهُ وَيَشۡرَبُ

مِّثۡلُكُمۡ	يَأۡكُلُ	مِمَّا	تَأۡكُلُونَ	مِنۡهُ	وَيَشۡرَبُ
تمھی جیسا	وہ کھاتا ہے	اس چیز میں سے کہ	تم کھاتے ہو	اس میں سے	اور وہ پیتا ہے
جس قسم کا کھانا تم کھاتے ہو اسی طرح کا کھانا یہ بھی کھاتا ہے اور پانی جو تم پیتے ہو اسی قسم کا یہ بھی پیتا ہے۔					

مِمَّا تَشۡرَبُونَ ٣٣ وَلَئِنۡ أَطَعۡتُم بَشَرٗا مِّثۡلَكُمۡ إِنَّكُمۡ

مِمَّا	تَشۡرَبُونَ ٣٣	وَلَئِنۡ	أَطَعۡتُم	بَشَرٗا مِّثۡلَكُمۡ	إِنَّكُمۡ
اس میں سے جس سے	تم پیتے ہو	اور اگر	تم نے اطاعت کی	اپنے جیسے ہی ایک بشر کی	تو بلاشبہ تم
اور اگر تم لوگ اپنے ہی جیسے ایک انسان کی اطاعت کروگے تب تو تم بڑا نقصان اُٹھانے والے ہو جاؤ گے۔					

إِذٗا لَّخَٰسِرُونَ ٣٤ أَيَعِدُكُمۡ أَنَّكُمۡ إِذَا مِتُّمۡ

إِذٗا	لَّخَٰسِرُونَ ٣٤	أَيَعِدُكُمۡ	أَنَّكُمۡ	إِذَا	مِتُّمۡ
اس وقت	یقیناً خسارہ پانے والے ہونگے	کیا وہ تمھیں وعدہ دیتا ہے	کہ بیشک تم	جب	مر جاؤ گے
کیا وہ تمھیں وعدہ دیتا ہے					

وَكُنتُمْ تُرَابًا وَعِظَٰمًا أَنَّكُم مُّخْرَجُونَ ٣٥ هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ

هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ	مُّخْرَجُونَ ٣٥	أَنَّكُم	وَعِظَٰمًا	تُرَابًا	وَكُنتُمْ
دور ہے (عقل سے بہت) دور ہے	(زندہ کر کے) نکالے جاؤ گے	تو بیشک تم	اور ہڈیاں	مٹی	اور ہو جاؤ گے
کہ جب تم مر کر مٹی اور ہڈیاں رہ جاؤ گے تو تم پھر زندہ کیے جاؤ گے۔ ناممکن! بلکل ناممکن ہے یہ بات					

لِمَا تُوعَدُونَ ٣٦ إِنْ هِىَ إِلَّا حَيَاتُنَا ٱلدُّنْيَا

حَيَاتُنَا ٱلدُّنْيَا	إِلَّا	هِىَ	إِنْ	تُوعَدُونَ ٣٦	لِمَا
ہماری دنیا ہی کی زندگی	مگر	یہ (زندگی)	نہیں ہے	تمھیں وعدہ دیا جاتا ہے	وہ جس کا
وہ جس کا تمھیں وعدہ دیا جاتا ہے۔ نہیں ہے یہ (زندگی) مگر ہماری دنیا کی زندگی (ہی اصل زندگی) ہے					

نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِينَ ٣٧ إِنْ هُوَ

هُوَ	إِنْ	بِمَبْعُوثِينَ ٣٧	وَمَا نَحْنُ	وَنَحْيَا	نَمُوتُ
وہ (رسول)	نہیں ہے	دوبارہ اُٹھائے جانے والے	اور ہم نہیں ہیں	اور جیتے ہیں	ہم مرتے ہیں
ہم مرتے جیتے رہتے ہیں اور ہم دوبارہ اُٹھائے جانے والے نہیں ہیں۔ یہ نہیں ہے					

إِلَّا رَجُلٌ ٱفْتَرَىٰ عَلَى ٱللَّهِ كَذِبًا وَمَا نَحْنُ

وَمَا نَحْنُ	كَذِبًا	عَلَى ٱللَّهِ	ٱفْتَرَىٰ	رَجُلٌ	إِلَّا
اور ہم نہیں	جھوٹ	اللہ پر	کہ اس نے باندھا ہے	ایسا آدمی	مگر
مگر ایک ایسا شخص جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا ہے					

لَهُۥ بِمُؤۡمِنِينَ ﴿٣٨﴾ قَالَ رَبِّ ٱنصُرۡنِي بِمَا

لَهُۥ	بِمُؤۡمِنِينَ ﴿٣٨﴾	قَالَ	رَبِّ	ٱنصُرۡنِي	بِمَا
اس پر	ایمان لانے والے	اس (رسول) نے کہا	اے میرے رب!	تو میری مدد فرما	اس وجہ سے کہ
اور ہم اس پر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ اس رسول نے دعا کی اے میرے رب!					

كَذَّبُونِ ﴿٣٩﴾ قَالَ عَمَّا قَلِيلٖ لَّيُصۡبِحُنَّ نَٰدِمِينَ ﴿٤٠﴾

كَذَّبُونِ ﴿٣٩﴾	قَالَ	عَمَّا قَلِيلٖ	لَّيُصۡبِحُنَّ	نَٰدِمِينَ ﴿٤٠﴾
انہوں نے مجھے جھٹلایا ہے	اس (اللہ) نے کہا	بہت تھوڑے سے عرصے میں	یقیناً وہ ضرور ہو جائینگے	پچھتانے والے
ان کے جھٹلانے پر میری مدد فرما۔ اللہ نے فرمایا کہ یہ تو بہت جلد پچھتانے والے ہو جائینگے۔				

فَأَخَذَتۡهُمُ ٱلصَّيۡحَةُ بِٱلۡحَقِّ فَجَعَلۡنَٰهُمۡ غُثَآءٗۚ فَبُعۡدٗا

فَأَخَذَتۡهُمُ	ٱلصَّيۡحَةُ	بِٱلۡحَقِّ	فَجَعَلۡنَٰهُمۡ	غُثَآءٗۚ	فَبُعۡدٗا
پھر انہیں آپکڑا	چیخ نے	حق کے ساتھ	تو ہم نے انہیں کر دیا	کوڑا کرکٹ	چنانچہ (رحمت سے) دوری ہے
پھر انہیں آپکڑا چیخ نے حق کے ساتھ تو ہم نے انہیں کوڑا کرکٹ کر دیا پس ظالم قوم کے لیے رحمت سے دوری ہے					

لِّلۡقَوۡمِ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٤١﴾ ثُمَّ أَنشَأۡنَا مِنۢ بَعۡدِهِمۡ قُرُونًا ءَاخَرِينَ ﴿٤٢﴾ مَا تَسۡبِقُ

لِّلۡقَوۡمِ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٤١﴾	ثُمَّ	أَنشَأۡنَا	مِنۢ بَعۡدِهِمۡ	قُرُونًا ءَاخَرِينَ ﴿٤٢﴾	مَا تَسۡبِقُ
ظالم قوم کے لیے	پھر	ہم نے پیدا کیں	ان کے بعد	دوسری اُمتیں	آگے نہیں نکل سکتیں
پھر ہم نے ان کے بعد دوسری اُمتیں پیدا کیں۔					

مِنۡ أُمَّةٍ أَجَلَهَا وَمَا يَسۡتَـٔۡخِرُونَ ﴿٤٣﴾ ثُمَّ أَرۡسَلۡنَا رُسُلَنَا

مِنۡ أُمَّةٍ	أَجَلَهَا	وَمَا يَسۡتَـٔۡخِرُونَ ﴿٤٣﴾	ثُمَّ	أَرۡسَلۡنَا	رُسُلَنَا
کوئی اُمت	اپنے مقررہ وقت سے	اور نہ وہ پیچھے ہی رہ سکتے ہیں	پھر	ہم نے بھیجے	اپنے کئی رسول
کوئی اُمت اپنے مقررہ وقت سے آگے نہیں نکل سکتیں اور نہ پیچھے رہ سکتی ہے					

تَتۡرَاۖ كُلَّمَا جَآءَ أُمَّةً رَّسُولُهَا كَذَّبُوهُۖ

تَتۡرَاۖ	كُلَّمَا	جَآءَ	أُمَّةً	رَّسُولُهَا	كَذَّبُوهُۖ
پے در پے	جب بھی	آیا	کسی اُمت کے پاس	اس کا رسول	تو انہوں نے اسے جھٹلایا
پھر ہم نے لگاتار رسول بھیجے جب بھی کسی اُمت کے پاس اس کا رسول آیا تو انہوں نے اسے جھٹلایا					

فَأَتۡبَعۡنَا بَعۡضَهُم بَعۡضًا وَجَعَلۡنَٰهُمۡ أَحَادِيثَۚ فَبُعۡدًا

فَأَتۡبَعۡنَا	بَعۡضَهُم	بَعۡضًا	وَجَعَلۡنَٰهُمۡ	أَحَادِيثَۚ	فَبُعۡدًا
چنانچہ ہم نے پیچھے لگایا	ان کے بعض کو	بعض کے	اور ہم نے انہیں بنادیا	قصے کہانیاں	لہذا (رحمت سے) دوری ہے
چنانچہ ہم نے ان کے بعض کو بعض کے پیچھے لگایا اور ہم نے انہیں قصے کہانیاں بنادیا					

لِّقَوۡمٍ لَّا يُؤۡمِنُونَ ﴿٤٤﴾ ثُمَّ أَرۡسَلۡنَا مُوسَىٰ وَأَخَاهُ

لِّقَوۡمٍ	لَّا يُؤۡمِنُونَ ﴿٤٤﴾	ثُمَّ	أَرۡسَلۡنَا	مُوسَىٰ	وَأَخَاهُ
ان لوگوں کے لیے	جو ایمان نہیں لاتے	پھر	ہم نے بھیجا	موسیٰ کو	اور اس کے بھائی
لہذا ایمان نہ لانے والوں کے لیے رحمت سے دوری ہے۔					

هَٰرُونَ بِـَٔايَٰتِنَا وَسُلۡطَٰنٖ مُّبِينٍ ﴿٤٥﴾ إِلَىٰ فِرۡعَوۡنَ وَمَلَإِيْهِۦ فَٱسۡتَكۡبَرُواْ

هَٰرُونَ	بِـَٔايَٰتِنَا	وَسُلۡطَٰنٖ مُّبِينٍ ﴿٤٥﴾	إِلَىٰ فِرۡعَوۡنَ وَمَلَإِيْهِۦ	فَٱسۡتَكۡبَرُواْ
ہارون کو	اپنی نشانیوں کے ساتھ	اور واضح دلیل کے ساتھ	فرعون اور اسکے درباریوں کی طرف	تو انہوں نے تکبر کیا
پھر ہم نے موسیٰ اور ہارونؑ کو اپنی نشانیوں اور واضح دلیل کے ساتھ بھیجا۔ فرعون اور اسکے درباریوں کی طرف،				

وَكَانُواْ قَوۡمًا عَالِينَ ﴿٤٦﴾ فَقَالُوٓاْ أَنُؤۡمِنُ لِبَشَرَيۡنِ مِثۡلِنَا

وَكَانُواْ	قَوۡمًا عَالِينَ ﴿٤٦﴾	فَقَالُوٓاْ	أَنُؤۡمِنُ	لِبَشَرَيۡنِ	مِثۡلِنَا
اور وہ تھے	سرکش لوگ	پس انہوں نے کہا	کیا ہم ایمان لائیں	دو آدمیوں پر	جو ہم جیسے ہی ہیں
تو انہوں نے تکبر کیا اور وہ سرکش لوگ تھے۔ پس انہوں نے کہا کیا ہم اپنے جیسے دو آدمیوں پر ایمان لائیں					

وَقَوۡمُهُمَا لَنَا عَٰبِدُونَ ﴿٤٧﴾ فَكَذَّبُوهُمَا فَكَانُواْ

وَقَوۡمُهُمَا	لَنَا	عَٰبِدُونَ ﴿٤٧﴾	فَكَذَّبُوهُمَا	فَكَانُواْ
جبکہ ان دونوں کی قوم	ہماری	غلام ہے	لہٰذا انہوں نے ان دونوں کو جھٹلایا	تو وہ ہو گئے
جبکہ ان دونوں کی قوم ہماری غلام ہے۔ لہٰذا انہوں نے ان دونوں کو جھٹلایا				

مِنَ ٱلۡمُهۡلَكِينَ ﴿٤٨﴾ وَلَقَدۡ ءَاتَيۡنَا مُوسَى ٱلۡكِتَٰبَ لَعَلَّهُمۡ

مِنَ ٱلۡمُهۡلَكِينَ ﴿٤٨﴾	وَلَقَدۡ	ءَاتَيۡنَا	مُوسَى	ٱلۡكِتَٰبَ	لَعَلَّهُمۡ
ہلاک شدہ لوگوں میں سے	اور یقیناً	ہم نے دی	موسیٰ کو	کتاب	تا کہ وہ (لوگ)
تو وہ ہلاک شدہ لوگوں میں سے ہو گئے۔ اور یقیناً ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تا کہ وہ لوگ ہدایت پا جائیں۔					

يَهۡتَدُونَ۝٤٩ وَجَعَلۡنَا ٱبۡنَ مَرۡيَمَ وَأُمَّهُۥٓ ءَايَةٗ وَءَاوَيۡنَٰهُمَآ

وَءَاوَيۡنَٰهُمَآ	ءَايَةٗ	وَأُمَّهُۥٓ	ٱبۡنَ مَرۡيَمَ	وَجَعَلۡنَا	يَهۡتَدُونَ۝٤٩
اور ہم ان دونوں کو لے آئے	عظیم نشانی	اور اس کی ماں کو	(عیسیٰ) ابن مریم کو	اور ہم نے بنایا	ہدایت پا جائیں

اور ہم نے (عیسیٰ) ابن مریم اور ان کی ماں (مریمؑ) کو عظیم نشانی بنایا

إِلَىٰ رَبۡوَةٖ ذَاتِ قَرَارٖ وَمَعِينٖ۝٥٠ يَٰٓأَيُّهَا ٱلرُّسُلُ كُلُواْ مِنَ ٱلطَّيِّبَٰتِ

مِنَ ٱلطَّيِّبَٰتِ	كُلُواْ	يَٰٓأَيُّهَا ٱلرُّسُلُ	ذَاتِ قَرَارٖ وَمَعِينٖ۝٥٠	إِلَىٰ رَبۡوَةٖ
پاکیزہ چیزوں میں سے	کھاؤ	اے رسولوں!	جو سکون و آرام اور جاری چشم والی تھی	ایک بلند جگہ کی طرف

اور ہم نے ان دونوں کو ایک اونچے ٹیلے پر پناہ دی جو پُر سکون اور چشموں والی جگہ تھی۔ اے رسولوں!

وَٱعۡمَلُواْ صَٰلِحًاۖ إِنِّي بِمَا تَعۡمَلُونَ عَلِيمٞ۝٥١

عَلِيمٞ۝٥١	تَعۡمَلُونَ	بِمَا	إِنِّي	صَٰلِحًاۖ	وَٱعۡمَلُواْ
خوب جاننے والا ہوں	تم عمل کرتے ہو	اس کو جو	بیشک میں	نیک	اور عمل کرو

پاکیزہ چیزوں میں سے کھاؤ اور نیک عمل کرو بیشک میں تمھارے اعمال کو خوب جاننے والا ہوں۔

وَإِنَّ هَٰذِهِۦٓ أُمَّتُكُمۡ أُمَّةٗ وَٰحِدَةٗ وَأَنَا۠ رَبُّكُمۡ

رَبُّكُمۡ	وَأَنَا۠	أُمَّةٗ وَٰحِدَةٗ	أُمَّتُكُمۡ	هَٰذِهِۦٓ	وَإِنَّ
تمھارا رب ہوں	اور میں	ایک ہی امت	تمھاری امت ہے	یہ	اور بیشک

یقیناً یہ تمھاری اُمت ایک ہی اُمت ہے اور میں تم سب کا رب ہوں

فَٱتَّقُونِ ﴿٥٢﴾ فَتَقَطَّعُوٓاْ أَمۡرَهُم بَيۡنَهُمۡ زُبُرٗاۖ

زُبُرٗاۖ	بَيۡنَهُمۡ	أَمۡرَهُم	فَتَقَطَّعُوٓاْ	فَٱتَّقُونِ ﴿٥٢﴾
ٹکڑے ٹکڑے کر کے	آپس میں	اپنے معاملے (دین) کو	پھر انہوں نے جدا جدا کر لیا	لہذا تم مجھ ہی سے ڈرو

لہذا تم مجھ ہی سے ڈرو۔ پھر انہوں نے خود ہی اپنے دین کے ٹکڑے کر لیے،

كُلُّ حِزۡبِۭ بِمَا لَدَيۡهِمۡ فَرِحُونَ ﴿٥٣﴾ فَذَرۡهُمۡ فِي غَمۡرَتِهِمۡ

فِي غَمۡرَتِهِمۡ	فَذَرۡهُمۡ	فَرِحُونَ ﴿٥٣﴾	لَدَيۡهِمۡ	بِمَا	كُلُّ حِزۡبِۭ
ان کی غفلت میں	لہذا آپؐ ان کو چھوڑ دیجیے	خوش ہیں	ان کے پاس ہے	اسی پر جو	ہر ایک گروہ (کے لوگ)

ہر ایک گروہ (کے لوگ) اسی پر جو ان کے پاس ہے خوش ہیں لہذا آپؐ ان کو ان کی غفلت میں ایک وقت تک چھوڑ دیجیے۔

حَتَّىٰ حِينٍ ﴿٥٤﴾ أَيَحۡسَبُونَ أَنَّمَا نُمِدُّهُم بِهِۦ

بِهِۦ	نُمِدُّهُم	أَنَّمَا	يَحۡسَبُونَ	أَ	حَتَّىٰ حِينٍ ﴿٥٤﴾
اس کے ساتھ	ہم انہیں بڑھا رہے ہیں	کہ بیشک وہ جو	وہ گمان کرتے ہیں	کیا	ایک وقت تک

کیا وہ سمجھتے ہیں کہ ہم جو بھی انہیں مال اور اولاد بڑھا رہے ہیں

مِن مَّالٖ وَبَنِينَ ﴿٥٥﴾ نُسَارِعُ لَهُمۡ فِي ٱلۡخَيۡرَٰتِۚ بَل لَّا يَشۡعُرُونَ ﴿٥٦﴾

لَّا يَشۡعُرُونَ ﴿٥٦﴾	بَل	فِي ٱلۡخَيۡرَٰتِۚ	لَهُمۡ	نُسَارِعُ	مِن مَّالٖ وَبَنِينَ ﴿٥٥﴾
وہ شعور نہیں رکھتے	(نہیں نہیں) بلکہ	بھلائیوں میں ؟	ان کے لیے	ہم جلدی کر رہے ہیں	مال اور اولاد سے

ہم ان کے لیے بھلائیوں میں جلدی کر رہے ہیں (نہیں نہیں) بلکہ وہ شعور نہیں رکھتے۔

إِنَّ ٱلَّذِينَ هُم مِّنۡ خَشۡيَةِ رَبِّهِم مُّشۡفِقُونَ ۝٥٧ وَٱلَّذِينَ

إِنَّ	ٱلَّذِينَ	هُم	مِّنۡ خَشۡيَةِ رَبِّهِم	مُّشۡفِقُونَ ۝٥٧	وَٱلَّذِينَ
بیشک	وہ لوگ کہ	وہ	اپنے رب کے خوف سے	ڈرنے والے ہیں	اور وہ لوگ کہ

یقیناً وہ لوگ جو اپنے رب کے خوف سے ڈرتے ہیں

هُم بِـَٔايَٰتِ رَبِّهِمۡ يُؤۡمِنُونَ ۝٥٨ وَٱلَّذِينَ هُم بِرَبِّهِمۡ

هُم	بِـَٔايَٰتِ رَبِّهِمۡ	يُؤۡمِنُونَ ۝٥٨	وَٱلَّذِينَ	هُم	بِرَبِّهِمۡ
وہ	اپنے رب کی آیات پر	ایمان لاتے ہیں	اور وہ لوگ کہ	وہ	اپنے رب کے ساتھ

اور وہ لوگ جو اپنے رب کی آیات پر ایمان لاتے ہیں۔ اور وہ جو اپنے رب کے ساتھ شریک نہیں ٹھہراتے۔

لَا يُشۡرِكُونَ ۝٥٩ وَٱلَّذِينَ يُؤۡتُونَ مَآ ءَاتَواْ وَّقُلُوبُهُمۡ

لَا يُشۡرِكُونَ ۝٥٩	وَٱلَّذِينَ	يُؤۡتُونَ	مَآ	ءَاتَواْ	وَّقُلُوبُهُمۡ
شریک نہیں ٹھہراتے	اور وہ لوگ کہ	وہ دیتے ہیں	جو کچھ	وہ دیتے ہیں (صدقہ)	جبکہ ان کے دل

اور وہ جو دیتے ہیں (اللہ کی راہ میں) تو جو کچھ دیتے ہیں اس طرح دیتے ہیں کہ ان کے دل ڈرتے رہتے ہیں

وَجِلَةٌ أَنَّهُمۡ إِلَىٰ رَبِّهِمۡ رَٰجِعُونَ ۝٦٠ أُوْلَٰٓئِكَ

وَجِلَةٌ	أَنَّهُمۡ	إِلَىٰ رَبِّهِمۡ	رَٰجِعُونَ ۝٦٠	أُوْلَٰٓئِكَ
ڈرنے والے ہوتے ہیں	اس سے کہ بیشک وہ	اپنے رب کی طرف	لوٹنے والے ہیں	یہی لوگ ہیں

کہ وہ اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ یہی لوگ ہیں

يُسَـٰرِعُونَ فِي ٱلۡخَيۡرَٰتِ وَهُمۡ لَهَا سَٰبِقُونَ ٦١ وَلَا نُكَلِّفُ

يُسَـٰرِعُونَ	فِي ٱلۡخَيۡرَٰتِ	وَهُمۡ	لَهَا	سَٰبِقُونَ ٦١	وَلَا نُكَلِّفُ
جو جلدی کرتے ہیں	بھلائیوں میں	اور وہ	ان کے لیے	آگے نکلنے والے ہیں	اور ہم تکلیف نہیں دیتے
جو بھلائیوں میں جلدی کرتے ہیں اور وہ ان کے لیے آگے نکلنے والے ہیں۔					

نَفۡسًا إِلَّا وُسۡعَهَاۚ وَلَدَيۡنَا كِتَٰبٌ يَنطِقُ

نَفۡسًا	إِلَّا	وُسۡعَهَاۚ	وَلَدَيۡنَا	كِتَٰبٌ	يَنطِقُ
کسی جان کو	مگر	اس کی طاقت کے مطابق ہی	اور ہمارے پاس	ایسی کتاب ہے	جو بولتی ہے
ہم کسی نفس کو اس کی وسعت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے اور ہمارے پاس ایک ایسی کتاب ہے جو حق کے ساتھ بولتی ہے					

بِٱلۡحَقِّ وَهُمۡ لَا يُظۡلَمُونَ ٦٢ بَلۡ قُلُوبُهُمۡ فِي غَمۡرَةٍ

بِٱلۡحَقِّ	وَهُمۡ	لَا يُظۡلَمُونَ ٦٢	بَلۡ	قُلُوبُهُمۡ	فِي غَمۡرَةٍ
حق کے ساتھ	اور ان پر	ظلم نہیں کیا جائے گا	بلکہ	اُن (کافروں) کے دل	غفلت میں ہے
اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ بلکہ اُن (کافروں) کے دل اس (قرآن) سے غفلت میں ہے					

مِّنۡ هَٰذَا وَلَهُمۡ أَعۡمَٰلٌ مِّن دُونِ ذَٰلِكَ هُمۡ

مِّنۡ هَٰذَا	وَلَهُمۡ	أَعۡمَٰلٌ	مِّن دُونِ	ذَٰلِكَ	هُمۡ
اس (قرآن) سے	اور ان کے لیے	کئی برے اعمال ہیں	سوائے	اس (غفلت) کے	وہ
اور ان کے لیے اس کے سوا بھی بہت سے اعمال (مشاغل) ہیں جنہیں وہ کرنے والے ہیں۔					

لَهَا عَـٰمِلُونَ ﴿٦٣﴾ حَتَّىٰٓ إِذَآ أَخَذۡنَا مُتۡرَفِيهِم

مُتۡرَفِيهِم	أَخَذۡنَا	إِذَآ	حَتَّىٰٓ	عَـٰمِلُونَ ﴿٦٣﴾	لَهَا
ان کے خوشحال لوگوں کو	پکڑیں گے	جب	یہاں تک کہ	کرنے والے ہیں	انہیں

یہاں تک کہ جب ہم نے ان کے خوشحال لوگوں کو عذاب کے ساتھ پکڑیں گے

بِٱلۡعَذَابِ إِذَا هُمۡ يَجۡـَٔرُونَ ﴿٦٤﴾ لَا تَجۡـَٔرُواْ ٱلۡيَوۡمَۖ

ٱلۡيَوۡمَۖ	لَا تَجۡـَٔرُواْ	يَجۡـَٔرُونَ ﴿٦٤﴾	هُمۡ	إِذَا	بِٱلۡعَذَابِ
آج	(انہیں کہا جائے گا) تم مت چیخو چلاؤ	چیخ پکار کرینگے	وہ	تو اس وقت	عذاب کے ساتھ

تو اس وقت وہ چیخ پکار کرینگے۔(انہیں کہا جائے گا) آج تم مت چیخو چلاؤ

إِنَّكُم مِّنَّا لَا تُنصَرُونَ ﴿٦٥﴾ قَدۡ كَانَتۡ ءَايَـٰتِي

ءَايَـٰتِي	كَانَتۡ	قَدۡ	لَا تُنصَرُونَ ﴿٦٥﴾	مِّنَّا	إِنَّكُم
میری آیات	تھیں	یقیناً	مدد نہیں کیے جاؤ گے	ہمارے ہاں سے	یقیناً تم

اب یقیناً تم ہمارے ہاں سے مدد نہیں کیے جاؤ گے یقیناً میری آیات تمھیں پڑھ کر سنائی جاتی تھیں

تُتۡلَىٰ عَلَيۡكُمۡ فَكُنتُمۡ عَلَىٰٓ أَعۡقَـٰبِكُمۡ تَنكِصُونَ ﴿٦٦﴾ مُسۡتَكۡبِرِينَ

مُسۡتَكۡبِرِينَ	تَنكِصُونَ ﴿٦٦﴾	عَلَىٰٓ أَعۡقَـٰبِكُمۡ	فَكُنتُمۡ	عَلَيۡكُمۡ	تُتۡلَىٰ
تکبر کرتے ہوئے	پھر جاتے	اپنی ایڑیوں پر	تو تم تھے	تم پر	تلاوت کی جاتیں

تو تم اپنی ایڑیوں پر پھر جاتے تھے۔

بِهِۦ سَٰمِرًا تَهۡجُرُونَ ٦٧ أَفَلَمۡ يَدَّبَّرُواْ ٱلۡقَوۡلَ

بِهِۦ	سَٰمِرًا	تَهۡجُرُونَ ٦٧	أَ	فَلَمۡ يَدَّبَّرُواْ
اس (قرآن) کے ساتھ	رات کو باتیں کرتے ہوئے	تم بے ہودہ بکتے تھے	کیا	پھر انہوں نے غور نہیں کیا
اس (قرآن) کے ساتھ تکبر کرتے ہوئے پیغمبر کو قصہ گو سمجھتے ہوئے چھوڑ جاتے تھے۔ کیا پھر انہوں نے غور نہیں کیا				

أَمۡ جَآءَهُم مَّا لَمۡ يَأۡتِ ءَابَآءَهُمُ ٱلۡأَوَّلِينَ ٦٨ أَمۡ

أَمۡ	جَآءَهُم	مَّا	لَمۡ يَأۡتِ	ءَابَآءَهُمُ ٱلۡأَوَّلِينَ ٦٨	أَمۡ
یا	ان کے پاس آیا ہے	جو کہ	نہیں آیا تھا	ان کے پہلے باپ دادا کے پاس؟	یا
یا ان کے پاس کوئی ایسی چیز آ گئی ہے جو ان کے باپ دادا کے پاس نہیں آئی تھی۔					

لَمۡ يَعۡرِفُواْ رَسُولَهُمۡ فَهُمۡ لَهُۥ مُنكِرُونَ ٦٩ أَمۡ

لَمۡ يَعۡرِفُواْ	رَسُولَهُمۡ	فَهُمۡ	لَهُۥ	مُنكِرُونَ ٦٩	أَمۡ
انہوں نے پہنچانا نہیں	اپنے رسول کو	لہذا وہ	اس کے	منکر ہیں؟	یا
یا انہوں نے اپنے رسول کو پہنچانا نہیں لہذا وہ اس کے منکر ہیں؟					

يَقُولُونَ بِهِۦ جِنَّةُۢۚ بَلۡ جَآءَهُم بِٱلۡحَقِّ وَأَكۡثَرُهُمۡ

يَقُولُونَ	بِهِۦ	جِنَّةُۢۚ	بَلۡ	جَآءَهُم بِٱلۡحَقِّ	وَأَكۡثَرُهُمۡ
وہ کہتے ہیں	اسے	کوئی جنون ہے	بلکہ	وہ ان کے پاس حق لایا ہے	اور ان کے اکثر
یا وہ کہتے ہیں اسے کوئی جنون ہے بلکہ وہ تو ان کے پاس حق لایا ہے لیکن ان کی اکثریت حق کو ناپسند کرنے والی ہے۔					

لِلۡحَقِّ كَـٰرِهُونَ۝٧٠ وَلَوِ ٱتَّبَعَ ٱلۡحَقُّ أَهۡوَآءَهُمۡ

أَهۡوَآءَهُمۡ	ٱلۡحَقُّ	ٱتَّبَعَ	وَلَوِ	كَـٰرِهُونَ۝٧٠	لِلۡحَقِّ
ان کی خواہشات کی	حق (اللہ)	پیروی کرے	اور اگر	ناپسند کرنے والے ہیں	حق کو
اور اگر حق (اللہ) ان کی خواہشات کی پیروی کرے					

لَفَسَدَتِ ٱلسَّمَـٰوَٰتُ وَٱلۡأَرۡضُ وَمَن فِيهِنَّۚ بَلۡ

بَلۡ	فِيهِنَّۚ	وَمَن	وَٱلۡأَرۡضُ	ٱلسَّمَـٰوَٰتُ	لَفَسَدَتِ
بلکہ	ان میں ہے	اور جو کوئی بھی	اور زمین	آسمان	تو یقیناً خراب ہو جائیں
تو یقیناً زمین و آسمان اور ان کے درمیان کی ہر چیز خراب ہو جائیں					

أَتَيۡنَـٰهُم بِذِكۡرِهِمۡ فَهُمۡ عَن ذِكۡرِهِم مُّعۡرِضُونَ۝٧١ أَمۡ

أَمۡ	مُّعۡرِضُونَ۝٧١	عَن ذِكۡرِهِم	فَهُمۡ	بِذِكۡرِهِمۡ	أَتَيۡنَـٰهُم
یا	منہ پھیرنے والے ہیں	اپنی نصیحت سے	اور وہ	ان کی نصیحت	ہم ان کے پاس لائے ہیں
بلکہ ہم تو ان کے پاس ان کی نصیحت لائے ہیں اور وہ اپنی نصیحت سے منہ پھیرنے والے ہیں۔					

تَسۡـَٔلُهُمۡ خَرۡجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيۡرٌۖ وَهُوَ

وَهُوَ	خَيۡرٌۖ	فَخَرَاجُ رَبِّكَ	خَرۡجًا	تَسۡـَٔلُهُمۡ
اور وہ	بہت بہتر ہے	پس آپؐ کے رب کی اجرت	اجرت کا؟	آپ ان سے سوال کرتے ہیں
یا آپؐ ان سے اجرت کا سوال کرتے ہیں؟ تو آپؐ کے رب کی اجرت بہت بہتر ہے				

خَيۡرُ ٱلرَّٰزِقِينَ۝٧٢ وَإِنَّكَ لَتَدۡعُوهُمۡ إِلَىٰ صِرَٰطٖ مُّسۡتَقِيمٖ۝٧٣

إِلَىٰ صِرَٰطٖ مُّسۡتَقِيمٖ۝٧٣	لَتَدۡعُوهُمۡ	وَإِنَّكَ	خَيۡرُ ٱلرَّٰزِقِينَ۝٧٢
سیدھے راستے (اسلام) کی طرف	یقیناً انہیں بلاتے ہیں	اور بیشک آپؐ	سب رزق دینے والوں سے بہتر ہے
اور وہ سب رزق دینے والوں سے بہتر ہے۔ اور یقیناً آپ ﷺ انہیں سیدھے راستے (اسلام) کی طرف بلاتے ہیں۔			

وَإِنَّ ٱلَّذِينَ لَا يُؤۡمِنُونَ بِٱلۡأٓخِرَةِ عَنِ ٱلصِّرَٰطِ لَنَٰكِبُونَ۝٧٤

لَنَٰكِبُونَ۝٧٤	عَنِ ٱلصِّرَٰطِ	بِٱلۡأٓخِرَةِ	لَا يُؤۡمِنُونَ	ٱلَّذِينَ	وَإِنَّ
یقیناً ہٹے ہوئے ہیں	وہ اس راستے سے	آخرت پر	ایمان نہیں لاتے	وہ لوگ کہ	اور بیشک
اور بیشک وہ لوگ جو آخرت پر ایمان نہیں لاتے وہ سیدھے راستے سے ہٹے ہوئے ہیں۔					

وَلَوۡ رَحِمۡنَٰهُمۡ وَكَشَفۡنَا مَا بِهِم مِّن ضُرّٖ

مِّن ضُرّٖ	بِهِم	مَا	وَكَشَفۡنَا	رَحِمۡنَٰهُمۡ	وَلَوۡ
کوئی بھی تکلیف	انہیں ہے	وہ جو	اور ہم دور کر دیں	ہم ان پر رحم کریں	اور اگر
اور اگر ہم ان پر رحم کریں اور ان کی تکلیفیں دور کر دیں					

لَّلَجُّواْ فِي طُغۡيَٰنِهِمۡ يَعۡمَهُونَ۝٧٥ وَلَقَدۡ أَخَذۡنَٰهُم بِٱلۡعَذَابِ

بِٱلۡعَذَابِ	أَخَذۡنَٰهُم	وَلَقَدۡ	يَعۡمَهُونَ۝٧٥	فِي طُغۡيَٰنِهِمۡ	لَّلَجُّواْ
عذاب کے ساتھ	ہم نے انہیں پکڑا تھا	اور یقیناً	بھٹکتے ہوئے	اپنی سرکشی میں	تو وہ ضرور اصرار کرینگے
تو وہ ضرور اپنی سرکشی میں بھٹکتے ہوئے اصرار کرینگے۔ اور یقیناً ہم نے انہیں عذاب کے ساتھ پکڑا تھا					

فَمَا ٱسۡتَكَانُواْ لِرَبِّهِمۡ وَمَا يَتَضَرَّعُونَ ۝٧٦ حَتَّىٰٓ إِذَا فَتَحۡنَا

فَمَا ٱسۡتَكَانُواْ	لِرَبِّهِمۡ	وَمَا يَتَضَرَّعُونَ ۝٧٦	حَتَّىٰٓ	إِذَا	فَتَحۡنَا
تو انہوں نہ عاجزی کی	اپنے رب کے ساتھ	اور نہ وہ گڑ گڑاتے تھے	یہاں تک کہ	جب	ہم نے کھول دیا

تو انہوں نہ اپنے رب کے ساتھ عاجزی کی اور نہ وہ گڑ گڑاتے تھے۔

عَلَيۡهِم بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيدٍ إِذَا هُمۡ فِيهِ

عَلَيۡهِم	بَابًا	ذَا عَذَابٍ شَدِيدٍ	إِذَا	هُمۡ	فِيهِ
ان پر	دروازہ	بہت سخت عذاب والا	تو اسی وقت	وہ	اس میں

یہاں تک کہ جب ہم نے ان پر سخت عذاب کا دروازہ کھول دیا تو جبھی وہ اس سے نااُمید ہونے والے ہو گئے۔

مُبۡلِسُونَ ۝٧٧ وَهُوَ ٱلَّذِيٓ أَنشَأَ لَكُمُ ٱلسَّمۡعَ وَٱلۡأَبۡصَٰرَ

مُبۡلِسُونَ ۝٧٧	وَهُوَ ٱلَّذِيٓ	أَنشَأَ	لَكُمُ	ٱلسَّمۡعَ	وَٱلۡأَبۡصَٰرَ
نااُمید ہونے والے ہو گئے	اور وہی ہے (اللہ) جس نے	پیدا کیے	تمھارے لیے	کان	اور آنکھیں

اور وہ اللہ ہے جس نے تمھارے لیے کان اور آنکھیں اور دل پیدا کیے،

وَٱلۡأَفۡـِٔدَةَۚ قَلِيلٗا مَّا تَشۡكُرُونَ ۝٧٨ وَهُوَ ٱلَّذِي ذَرَأَكُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ

وَٱلۡأَفۡـِٔدَةَۚ	قَلِيلٗا مَّا	تَشۡكُرُونَ ۝٧٨	وَهُوَ ٱلَّذِي	ذَرَأَكُمۡ	فِي ٱلۡأَرۡضِ
اور دل	بہت تھوڑا ہی	تم شکر کرتے ہو	اور وہی ہے جس نے	تمھیں پھیلایا	زمین میں

اور بہت ہی کم تم شکر ادا کرتے ہو۔ اور وہی ہے جس نے تمھیں زمین میں پھیلایا

وَإِلَيۡهِ تُحۡشَرُونَ ۝٧٩ وَهُوَ ٱلَّذِي يُحۡيِۦ وَيُمِيتُ وَلَهُ

وَإِلَيۡهِ	تُحۡشَرُونَ ۝٧٩	وَهُوَ ٱلَّذِي	يُحۡيِۦ	وَيُمِيتُ	وَلَهُ
اور اسی کی طرف	تم اکٹھے کیے جاؤ گے	وہی ہے جو	زندہ کرتا ہے	اور مارتا ہے	اور اسی کے حکم سے ہے

اور اسی کی طرف تم اکٹھے کیے جاؤ گے۔ اور وہی ہے جو زندہ رکھتا ہے اور موت دیتا ہے

ٱخۡتِلَٰفُ ٱلَّيۡلِ وَٱلنَّهَارِۚ أَفَلَا تَعۡقِلُونَ ۝٨٠ بَلۡ قَالُواْ

ٱخۡتِلَٰفُ	ٱلَّيۡلِ وَٱلنَّهَارِۚ	أَ	فَلَا تَعۡقِلُونَ ۝٨٠	بَلۡ	قَالُواْ
ادل بدل کر آنا	رات اور دن کا	کیا	پھر تم سمجھتے نہیں ؟	بلکہ	انہوں نے کہا

اور اسی کا کام ہے دن رات کو بدلنا کیا پھر تم سمجھتے نہیں ؟ بلکہ انہوں نے بھی وہی کہا

مِثۡلَ مَا قَالَ ٱلۡأَوَّلُونَ ۝٨١ قَالُوٓاْ أَءِذَا

مِثۡلَ	مَا	قَالَ	ٱلۡأَوَّلُونَ ۝٨١	قَالُوٓاْ	أَءِذَا
مثل	اسی کہ جو	کہا تھا	پہلوں نے	انہوں نے کہا	کیا جب

جو ان سے پہلے لوگوں نے کہا تھا۔ انہوں نے کہا

مِتۡنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَٰمًا أَءِنَّا لَمَبۡعُوثُونَ ۝٨٢

مِتۡنَا	وَكُنَّا	تُرَابًا	وَعِظَٰمًا	أَءِنَّا	لَمَبۡعُوثُونَ ۝٨٢
ہم مر جائینگے	اور ہم ہو جائینگے	مٹی	اور ہڈیاں	کیا یقیناً ہم	ضرور دوبارہ اُٹھائے جائینگے ؟

کیا جب ہم مر کر مٹی اور ہڈیاں ہو جائینگے کیا پھر بھی ہم ضرور دوبارہ اُٹھائے جائینگے ؟

لَقَدۡ وُعِدۡنَا نَحۡنُ وَءَابَآؤُنَا هَٰذَا مِن قَبۡلُ

لَقَدۡ	وُعِدۡنَا	نَحۡنُ	وَءَابَآؤُنَا	هَٰذَا	مِن قَبۡلُ
یقیناً	ہم وعدہ دیئے گئے ہیں	ہم	اور ہمارے باپ دادا بھی	یہی	اس سے پہلے
ہم سے اور ہمارے باپ داداؤں سے پہلے ہی سے یہ وعدہ ہوتا چلا آیا ہے					

إِنۡ هَٰذَآ إِلَّآ أَسَٰطِيرُ ٱلۡأَوَّلِينَ۝٨٣ قُل

إِنۡ	هَٰذَآ	إِلَّآ	أَسَٰطِيرُ	ٱلۡأَوَّلِينَ۝٨٣	قُل
نہیں ہے	یہ	مگر	(قصے) کہانیاں	پہلے لوگوں کی	کہہ دیجیے
کچھ نہیں یہ تو صرف پہلے لوگوں کے قصے کہانیاں ہیں۔					

لِّمَنِ ٱلۡأَرۡضُ وَمَن فِيهَآ إِن كُنتُمۡ

لِّمَنِ	ٱلۡأَرۡضُ	وَمَن	فِيهَآ	إِن	كُنتُمۡ
کس کے لیے ہے	زمین	اور جو (مخلوق)	اس میں ہے	اگر	ہو تم
اُپؐ ان سے پوچھئے کہ یہ زمین اور جو اس میں ہیں سب کس کے ہیں اگر تم جانتے ہو (تو بتاؤ)!					

تَعۡلَمُونَ۝٨٤ سَيَقُولُونَ لِلَّهِۚ قُلۡ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ۝٨٥

تَعۡلَمُونَ۝٨٤	سَيَقُولُونَ	لِلَّهِۚ	قُلۡ	أَ	فَلَا تَذَكَّرُونَ۝٨٥
جانتے؟	وہ ضرور کہیں گے	اللہ ہی کے لیے ہے	کہہ دیجیے	کیا	پھر تم نصیحت حاصل نہیں کرتے؟
وہ ضرور کہیں گے اللہ ہی کے لیے ہے کہہ دیجیے کیا پھر تم نصیحت حاصل نہیں کرتے؟					

قُلۡ مَن رَّبُّ ٱلسَّمَٰوَٰتِ ٱلسَّبۡعِ وَرَبُّ ٱلۡعَرۡشِ ٱلۡعَظِيمِ﴿٨٦﴾

قُلۡ	مَن	رَّبُّ	ٱلسَّمَٰوَٰتِ ٱلسَّبۡعِ	وَرَبُّ	ٱلۡعَرۡشِ ٱلۡعَظِيمِ﴿٨٦﴾
کہہ دیجیے	کون ہے	رب	ساتوں آسمانوں کا	اور رب	عرش عظیم کا؟
آپؐ ان سے پوچھئے کہ ساتوں آسمانوں کا اور عرش عظیم کا رب کون ہے۔					

سَيَقُولُونَ لِلَّهِۚ قُلۡ أَفَلَا تَتَّقُونَ﴿٨٧﴾ قُلۡ

سَيَقُولُونَ	لِلَّهِۚ	قُلۡ	أَ	فَلَا تَتَّقُونَ﴿٨٧﴾	قُلۡ
وہ ضرور کہیں گے	یہ سب اللہ ہی کے لیے ہے	کہہ دیجیے	کیا	پھر تم ڈرتے نہیں؟	کہہ دیجیے
وہ ضرور کہیں گے یہ سب اللہ ہی کے لیے ہے کہہ دیجیے کیا پھر تم ڈرتے نہیں؟					

مَنۢ بِيَدِهِۦ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيۡءٖ وَهُوَ يُجِيرُ

مَنۢ	بِيَدِهِۦ	مَلَكُوتُ	كُلِّ شَيۡءٖ	وَهُوَ	يُجِيرُ
کون ہے وہ کہ	اس کے ہاتھ میں ہے	بادشاہی	ہر چیز کی	اور وہی	پناہ دیتا ہے
ان سے پوچھئے کہ تمام چیزوں کا اختیار کس کے ہاتھ میں ہے؟ جو پناہ دیتا ہے					

وَلَا يُجَارُ عَلَيۡهِ إِن كُنتُمۡ تَعۡلَمُونَ﴿٨٨﴾ سَيَقُولُونَ

وَلَا يُجَارُ	عَلَيۡهِ	إِن	كُنتُمۡ	تَعۡلَمُونَ﴿٨٨﴾	سَيَقُولُونَ
اور پناہ نہیں دی جاسکتی	اس کے مقابلے میں	اگر	ہو تم	جانتے	وہ ضرور کہیں گے
اور جس کے مقابلے میں کوئی پناہ نہیں دی جاسکتی اگر تم جانتے ہو۔ وہ ضرور کہیں گے					

لِلَّهِۚ قُلۡ فَأَنَّىٰ تُسۡحَرُونَ ۝٨٩ بَلۡ أَتَيۡنَٰهُم بِٱلۡحَقِّ

لِلَّهِۚ	قُلۡ	فَأَنَّىٰ	تُسۡحَرُونَ ۝٨٩	بَلۡ	أَتَيۡنَٰهُم بِٱلۡحَقِّ
اللہ ہی کے لیے ہے	کہہ دیجیے	پھر کہاں سے	تم پر جادو کیا جاتا ہے؟	بلکہ	ہم ان کے پاس حق لائے ہیں
اللہ ہی کے لیے ہے کہہ دیجیے پھر کہاں سے تم پر جادو کیا جاتا ہے؟ بلکہ ہم ان کے پاس حق لائے ہیں					

وَإِنَّهُمۡ لَكَٰذِبُونَ ۝٩٠ مَا ٱتَّخَذَ ٱللَّهُ مِن وَلَدٖ وَمَا كَانَ

وَإِنَّهُمۡ	لَكَٰذِبُونَ ۝٩٠	مَا ٱتَّخَذَ	ٱللَّهُ	مِن وَلَدٖ	وَمَا كَانَ
اور بیشک وہ	یقیناً جھوٹے ہیں	نہیں بنائی	اللہ نے	کوئی اولاد	اور نہ ہے
لیکن یہ یقیناً جھوٹے ہیں۔ اللہ نے ہر گز کسی کو اپنی اولاد نہیں بنایا					

مَعَهُۥ مِنۡ إِلَٰهٍۚ إِذٗا لَّذَهَبَ كُلُّ إِلَٰهِۭ

مَعَهُۥ	مِنۡ إِلَٰهٍۚ	إِذٗا	لَّذَهَبَ	كُلُّ	إِلَٰهِۭ
اس کے ساتھ	کوئی اور معبود ہی	(اگر ہوتا تو) اس وقت	ضرور لے جاتا	ہر	معبود
اور نہ ہی اس کے ساتھ کوئی اور معبود ہے (اگر ایسا ہوتا) تب تو ہر معبود اپنی مخلوق کو لے کر الگ ہو جاتا					

بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعۡضُهُمۡ عَلَىٰ بَعۡضٖۚ سُبۡحَٰنَ ٱللَّهِ

بِمَا	خَلَقَ	وَلَعَلَا	بَعۡضُهُمۡ	عَلَىٰ بَعۡضٖۚ	سُبۡحَٰنَ ٱللَّهِ
اس چیز کو جو	اس نے پیدا کی	اور ضرور چڑھائی کرتا	بعض ان کا	بعض پر	اللہ پاک ہے
اور ان میں سے ایک دوسرے پر چڑھائی کر دیتا۔ اللہ پاک ہے					

عَمَّا يَصِفُونَ ﴿٩١﴾ عَٰلِمِ ٱلْغَيْبِ وَٱلشَّهَٰدَةِ فَتَعَٰلَىٰ عَمَّا

عَمَّا	يَصِفُونَ ﴿٩١﴾	عَٰلِمِ ٱلْغَيْبِ وَٱلشَّهَٰدَةِ	فَتَعَٰلَىٰ	عَمَّا
ان (باتوں) سے جو	وہ بیان کرتے ہیں	جاننے والا ہے غیب اور حاضر کا	اور وہ برتر ہے	اس سے جو

ان (باتوں) سے جو وہ بیان کرتے ہیں۔ غیب اور حاضر کا جاننے والا ہے اور وہ برتر ہے اس شرک سے جو وہ کرتے ہیں۔

يُشْرِكُونَ ﴿٩٢﴾ قُل رَّبِّ إِمَّا تُرِيَنِّي مَا يُوعَدُونَ ﴿٩٣﴾

يُشْرِكُونَ ﴿٩٢﴾	قُل	رَّبِّ	إِمَّا	تُرِيَنِّي	مَا يُوعَدُونَ ﴿٩٣﴾
وہ شرک کرتے ہیں	کہہ دیجیے	اے میرے رب!	اگر	تو مجھے دکھادے	وہ (عذاب) جس کا انہیں وعدہ دیا جاتا ہے

(اے نبی ﷺ) آپ دعا کیجیے اے میرے رب! اگر تو مجھے وہ عذاب دکھادے جس کی انہیں دھمکی دی جارہی ہے

رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِي فِي ٱلْقَوْمِ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٩٤﴾ وَإِنَّا عَلَىٰٓ أَن نُّرِيَكَ

رَبِّ	فَلَا تَجْعَلْنِي	فِي ٱلْقَوْمِ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٩٤﴾	وَإِنَّا	عَلَىٰٓ أَن	نُّرِيَكَ
اے میرے رب!	پھر مجھے نہ کرنا	ظالم لوگوں میں	اور بیشک ہم	اس (بات) پر کہ	ہم آپ کو دکھائیں

تو اے میرے رب! مجھے ان ظالم لوگوں میں شامل نہ کرنا۔ یقیناً ہم آپ کو وہ دکھا دینے پر قادر ہیں

مَا نَعِدُهُمْ لَقَٰدِرُونَ ﴿٩٥﴾ ٱدْفَعْ بِٱلَّتِي هِيَ

مَا	نَعِدُهُمْ	لَقَٰدِرُونَ ﴿٩٥﴾	ٱدْفَعْ	بِٱلَّتِي	هِيَ
وہ (عذاب) جس کا	ہم ان سے وعدہ کر رہے ہیں	یقیناً قادر ہیں	ہٹائیے	اس (طریقے) کے ساتھ کہ	وہ

جس (عذاب) کی ہم ان کو دھمکی دے رہے ہیں۔ بُرائی کو اس طریقے سے دور کریں جو سراسر بھلائی والا ہو

أَحۡسَنُ ٱلسَّيِّئَةَۚ نَحۡنُ أَعۡلَمُ بِمَا يَصِفُونَ ﴿٩٦﴾

يَصِفُونَ ﴿٩٦﴾	بِمَا	أَعۡلَمُ	نَحۡنُ	ٱلسَّيِّئَةَۚ	أَحۡسَنُ
وہ بیان کرتے ہیں	اسے جو	خوب جانتے ہیں	ہم	بُرائی کو	بہت اچھا ہے
ہم خوب جانتے ہیں ان باتوں کو جو یہ بیان کرتے ہیں					

وَقُل رَّبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنۡ هَمَزَٰتِ ٱلشَّيَٰطِينِ ﴿٩٧﴾

مِنۡ هَمَزَٰتِ ٱلشَّيَٰطِينِ ﴿٩٧﴾	أَعُوذُ بِكَ	رَّبِّ	وَقُل
شیطانوں کے وسوسوں سے	میں تیری پناہ میں آتا ہوں	اے میرے رب!	اور آپ کہہ دیجیے
اور آپ کہہ دیجیے اے میرے رب! میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔			

وَأَعُوذُ بِكَ رَبِّ أَن يَحۡضُرُونِ ﴿٩٨﴾ حَتَّىٰٓ إِذَا

إِذَا	حَتَّىٰٓ	يَحۡضُرُونِ ﴿٩٨﴾	أَن	رَبِّ	وَأَعُوذُ بِكَ
جب	یہاں تک کہ	وہ میرے پاس حاضر ہوں	اس سے کہ	اے میرے رب!	اور میں تیری پناہ میں آتا ہوں
اے میرے رب! میں تیری پناہ میں آتا ہوں اس سے کہ وہ میرے پاس حاضر ہوں۔					

جَآءَ أَحَدَهُمُ ٱلۡمَوۡتُ قَالَ رَبِّ ٱرۡجِعُونِ ﴿٩٩﴾

ٱرۡجِعُونِ ﴿٩٩﴾	رَبِّ	قَالَ	ٱلۡمَوۡتُ	أَحَدَهُمُ	جَآءَ
مجھے واپس لوٹا دے	اے میرے رب!	تو وہ کہے گا	موت	ان کے کسی ایک کو	آجائے گی
یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کو موت آجائے گی تو وہ کہے گا اے میرے رب! مجھے واپس لوٹا دے۔					

لَعَلِّيٓ أَعۡمَلُ صَٰلِحٗا فِيمَا تَرَكۡتُۚ كَلَّآۚ

كَلَّآۚ	تَرَكۡتُۚ	فِيمَا	صَٰلِحٗا	أَعۡمَلُ	لَعَلِّيٓ
ہرگز نہیں!	میں چھوڑ آیا ہوں	اس (دنیا) میں جسے	نیک	عمل کرلوں	تاکہ میں

تاکہ میں نیک عمل کرلوں اس (دنیا) میں جسے میں چھوڑ آیا ہوں ہرگز نہیں!

إِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَاۖ وَمِن وَرَآئِهِم بَرۡزَخٌ

بَرۡزَخٌ	وَمِن وَرَآئِهِم	قَآئِلُهَاۖ	هُوَ	كَلِمَةٌ	إِنَّهَا
ایک پردہ (آڑ) ہے	اور ان کے پیچھے	اسے کہنے والا ہو گا	وہ	ایک بات ہو گی	بیشک یہ

بیشک یہ محض ایک بات ہے جو وہ کہے گا اور ان کے پیچھے ایک پردہ (آڑ) ہے

إِلَىٰ يَوۡمِ يُبۡعَثُونَ ١٠٠ فَإِذَا نُفِخَ فِي ٱلصُّورِ

فِي ٱلصُّورِ	نُفِخَ	فَإِذَا	يُبۡعَثُونَ ١٠٠	إِلَىٰ يَوۡمِ
صور میں	پھونکا جائے گا	پھر جب	وہ (قبروں) سے اُٹھائے جائینگے	اس دن تک کہ

اس دن تک کہ وہ (قبروں) سے اُٹھائے جائینگے۔ پھر جب صور میں پھونکا جائے گا

فَلَآ أَنسَابَ بَيۡنَهُمۡ يَوۡمَئِذٖ وَلَا يَتَسَآءَلُونَ ١٠١

وَلَا يَتَسَآءَلُونَ ١٠١	يَوۡمَئِذٖ	بَيۡنَهُمۡ	فَلَآ أَنسَابَ
اور نہ وہ ایکدوسرے سے سوال کرینگے	اس دن	ان کے درمیان	تو نہ قرابت داریاں (فائدہ مند) ہونگی

تو اس دن نہ ان کے درمیان قرابت داریاں (فائدہ مند) ہونگی اور نہ وہ ایکدوسرے سے سوال کرینگے۔

فَمَن ثَقُلَتۡ مَوَٰزِينُهُۥ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡمُفۡلِحُونَ۝١٠٢ وَمَنۡ

فَمَن	ثَقُلَتۡ	مَوَٰزِينُهُۥ	فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ	ٱلۡمُفۡلِحُونَ۝١٠٢	وَمَنۡ
پھر وہ شخص کہ	بھاری ہوگئے	اس کے پلڑے	تو وہی لوگ ہی	فلاح پانے والے ہیں	اور وہ شخص کہ
پھر وہ شخص کہ جس کے (نیک اعمال کے) پلڑے بھاری ہوگئے تو وہی لوگ ہی فلاح پانے والے ہیں۔					

خَفَّتۡ مَوَٰزِينُهُۥ فَأُوْلَٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ خَسِرُوٓاْ أَنفُسَهُمۡ

خَفَّتۡ	مَوَٰزِينُهُۥ	فَأُوْلَٰٓئِكَ	ٱلَّذِينَ	خَسِرُوٓاْ	أَنفُسَهُمۡ
ہلکے ہوگئے	اس (کی نیکیوں) کے پلڑے	تو وہی لوگ ہیں	جنہوں نے	خسارے میں رکھا	اپنے آپ کو
اور وہ شخص کہ اس (کی نیکیوں) کے پلڑے ہلکے ہوگئے تو وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو خسارے میں رکھا					

فِي جَهَنَّمَ خَٰلِدُونَ۝١٠٣ تَلۡفَحُ وُجُوهَهُمُ ٱلنَّارُ وَهُمۡ فِيهَا

فِي جَهَنَّمَ خَٰلِدُونَ۝١٠٣	تَلۡفَحُ	وُجُوهَهُمُ	ٱلنَّارُ	وَهُمۡ	فِيهَا
وہ جہنم ہی میں ہمیشہ رہینگے	وہ جھلسادے گی	ان کے چہروں کو	آگ	اور وہ	اس میں
وہ جہنم ہی میں ہمیشہ رہینگے۔ وہ آگ ان کے چہروں کو جھلسادے گی اور وہ اس میں بد شکل ہونگے۔					

كَٰلِحُونَ۝١٠٤ أَلَمۡ تَكُنۡ ءَايَٰتِي تُتۡلَىٰ عَلَيۡكُمۡ فَكُنتُم

كَٰلِحُونَ۝١٠٤	أَلَمۡ تَكُنۡ	ءَايَٰتِي	تُتۡلَىٰ	عَلَيۡكُمۡ	فَكُنتُم
بد شکل ہونگے	(کہا جائے گا) کیا نہیں تھیں	میری آیات	تلاوت کی جاتیں	تم پر	پھر تم تھے
(کہا جائے گا) کیا میری آیتیں تمھارے سامنے تلاوت نہیں کی جاتی تھیں؟					

بِهَا تُكَذِّبُونَ۝١٠٥ قَالُواْ رَبَّنَا غَلَبَتۡ عَلَيۡنَا

بِهَا	تُكَذِّبُونَ۝١٠٥	قَالُواْ	رَبَّنَا	غَلَبَتۡ	عَلَيۡنَا
ان کو	جھٹلاتے ؟	وہ کہیں گے	اے میرے رب!	غالب آگئی	ہم پر
پھر بھی تم انہیں جھٹلاتے تھے۔ وہ کہیں گے اے میرے رب!ہم پر ہماری بد بختی غالب آگئی					

شِقۡوَتُنَا وَكُنَّا قَوۡمَا ضَآلِّينَ۝١٠٦ رَبَّنَآ أَخۡرِجۡنَا مِنۡهَا

شِقۡوَتُنَا	وَكُنَّا	قَوۡمَا ضَآلِّينَ۝١٠٦	رَبَّنَآ	أَخۡرِجۡنَا	مِنۡهَا
ہماری بد بختی	اور ہم تھے	گمراہ لوگ	اے میرے رب!	تو ہمیں نکال	اس سے
اور ہم گمراہ لوگ تھے۔ اے میرے رب! تو ہمیں اس سے نکال					

فَإِنۡ عُدۡنَا فَإِنَّا ظَٰلِمُونَ۝١٠٧ قَالَ ٱخۡسَـُٔواْ

فَإِنۡ	عُدۡنَا	فَإِنَّا	ظَٰلِمُونَ۝١٠٧	قَالَ	ٱخۡسَـُٔواْ
پھر اگر	ہم دوبارہ کریں	تو بیشک ہم	ظالم ہیں	وہ (اللہ) کہے گا	ذلیل وخوار پڑے رہو
پھر اگر ہم دوبارہ کریں تو بیشک ہم ظالم ہیں۔ وہ (اللہ) کہے گا اس میں ذلیل وخوار پڑے رہو					

فِيهَا وَلَا تُكَلِّمُونِ۝١٠٨ إِنَّهُۥ كَانَ فَرِيقٌ مِّنۡ عِبَادِي

فِيهَا	وَلَا تُكَلِّمُونِ۝١٠٨	إِنَّهُۥ	كَانَ	فَرِيقٌ	مِّنۡ عِبَادِي
اس میں	اور مجھ سے بات مت کرو	بیشک شان یہ ہے	تھا	ایک فریق	میرے بندوں میں سے
اور مجھ سے بات مت کرو۔یقیناً میرے بندوں میں کچھ وہ لوگ بھی تھے جو کہا کرتے تھے					

يَقُولُونَ رَبَّنَآ ءَامَنَّا فَٱغۡفِرۡ لَنَا وَٱرۡحَمۡنَا وَأَنتَ

يَقُولُونَ	رَبَّنَآ	ءَامَنَّا	فَٱغۡفِرۡ لَنَا	وَٱرۡحَمۡنَا	وَأَنتَ
وہ کہتے تھے	اے ہمارے رب!	ہم ایمان لائے	لہذا تو ہمیں بخش دے	اور ہم پر رحم فرما	اور تو

اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے لہذا تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما

خَيۡرُ ٱلرَّٰحِمِينَ ١٠٩ فَٱتَّخَذۡتُمُوهُمۡ سِخۡرِيًّا حَتَّىٰٓ أَنسَوۡكُمۡ

خَيۡرُ ٱلرَّٰحِمِينَ ١٠٩	فَٱتَّخَذۡتُمُوهُمۡ	سِخۡرِيًّا	حَتَّىٰٓ	أَنسَوۡكُمۡ
سب رحم کرنے والوں سے بہتر ہے	تو تم کرتے تھے ان سے	ٹھٹھا مذاق	یہاں تک کہ	انہوں نے تمھیں بھلا دیا تھا

اور تو سب رحم کرنے والوں سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔ تو تم ان سے ٹھٹھا مذاق کرتے تھے

ذِكۡرِي وَكُنتُم مِّنۡهُمۡ تَضۡحَكُونَ ١١٠ إِنِّي جَزَيۡتُهُمُ

ذِكۡرِي	وَكُنتُم	مِّنۡهُمۡ	تَضۡحَكُونَ ١١٠	إِنِّي	جَزَيۡتُهُمُ
میرا ذکر	اور تم تھے	ان پر	ہنسا کرتے	بیشک میں نے	انہیں جزا دی ہے

یہاں تک کہ ان لوگوں (کا تمسخر اُڑانے کی مصروفیت) نے تمھیں میرا ذکر بھلا دیا اور تم ان پر ہنسا کرتے تھے۔

ٱلۡيَوۡمَ بِمَا صَبَرُوٓاْ أَنَّهُمۡ هُمُ ٱلۡفَآئِزُونَ ١١١ قَٰلَ

ٱلۡيَوۡمَ	بِمَا	صَبَرُوٓاْ	أَنَّهُمۡ هُمُ	ٱلۡفَآئِزُونَ ١١١	قَٰلَ
آج	اس کے بدلے جو	انہوں نے صبر کیا	کہ بیشک وہی لوگ	کامیاب ہیں	وہ (اللہ) کہے گا

آج میں نے انہیں ان کے صبر کا بدلہ دے دیا ہے کہ بیشک وہی کامیاب لوگ ہیں۔ وہ (اللہ) ان سے پوچھے گا

كَمۡ لَبِثۡتُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ عَدَدَ سِنِينَ ﴿١١٢﴾ قَالُواْ لَبِثۡنَا

كَمۡ	لَبِثۡتُمۡ	فِي ٱلۡأَرۡضِ	عَدَدَ سِنِينَ ﴿١١٢﴾	قَالُواْ	لَبِثۡنَا
کتنا (عرصہ)	تم ٹھہرے	زمین میں	برسوں کی گنتی (کے اعتبار سے؟)	وہ کہیں گے	ہم ٹھہرے
کہ تم زمین میں کتنے برس رہے؟ وہ کہیں گے					

يَوۡمًا أَوۡ بَعۡضَ يَوۡمٖ فَسۡـَٔلِ ٱلۡعَآدِّينَ ﴿١١٣﴾ قَٰلَ

يَوۡمًا	أَوۡ	بَعۡضَ يَوۡمٖ	فَسۡـَٔلِ	ٱلۡعَآدِّينَ ﴿١١٣﴾	قَٰلَ
ایک دن	یا	دن کا کچھ حصہ	پس آپ پوچھ لیجیے	گننے والوں سے	وہ (اللہ) کہے گا
ایک دن یا ایک دن سے بھی کم، گنتی گننے والوں سے بھی پوچھ لیجیے۔ وہ (اللہ) کہے گا					

إِن لَّبِثۡتُمۡ إِلَّا قَلِيلٗاۖ لَّوۡ أَنَّكُمۡ كُنتُمۡ تَعۡلَمُونَ ﴿١١٤﴾

إِن لَّبِثۡتُمۡ	إِلَّا	قَلِيلٗاۖ	لَّوۡ	أَنَّكُمۡ كُنتُمۡ تَعۡلَمُونَ ﴿١١٤﴾
تم نہیں ٹھہرے	مگر	تھوڑا سا وقت	کاش!	کہ بیشک تم جانتے ہوتے
کہ (واقعتاً) تم لوگ بہت ہی تھوڑا عرصہ رہے ہو کاش! کہ تم جانتے ہوتے۔				

أَفَحَسِبۡتُمۡ أَنَّمَا خَلَقۡنَٰكُمۡ عَبَثٗا وَأَنَّكُمۡ إِلَيۡنَا

أَفَحَسِبۡتُمۡ	أَنَّمَا	خَلَقۡنَٰكُمۡ	عَبَثٗا	وَأَنَّكُمۡ	إِلَيۡنَا
کیا پھر تم نے گمان کیا تھا	کہ بس	ہم نے تمھیں پیدا کیا	بے فائدہ	اور یہ کہ بیشک تم	ہماری طرف
کیا پھر تم نے گمان کیا تھا کہ بس ہم نے تمھیں یونہی بے فائدہ پیدا کیا					

لَا تُرْجَعُونَ ﴿١١٥﴾ فَتَعَـٰلَى ٱللَّهُ ٱلْمَلِكُ ٱلْحَقُّ ۖ لَآ إِلَـٰهَ

لَا تُرْجَعُونَ ﴿١١٥﴾	فَتَعَـٰلَى	ٱللَّهُ	ٱلْمَلِكُ	ٱلْحَقُّ ۖ	لَآ إِلَـٰهَ
نہیں لوٹائے جاؤ گے	پس برتر ہے	اللہ	بادشاہ	سچا	نہیں ہے کوئی معبود
اور یہ کہ تم ہماری طرف لوٹائے نہیں جاؤ گے ؟ تو بہت بلند و بالا ہے اللہ، جو حقیقی بادشاہ ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں					

إِلَّا هُوَ رَبُّ ٱلْعَرْشِ ٱلْكَرِيمِ ﴿١١٦﴾ وَمَن يَدْعُ

إِلَّا	هُوَ	رَبُّ	ٱلْعَرْشِ ٱلْكَرِيمِ ﴿١١٦﴾	وَمَن	يَدْعُ
مگر	وہی	رب ہے	عرش الکریم کا	اور جو کوئی	پکارے
وہی عرش الکریم کا رب ہے۔					

مَعَ ٱللَّهِ إِلَـٰهًا ءَاخَرَ لَا بُرْهَـٰنَ لَهُۥ بِهِۦ فَإِنَّمَا

مَعَ ٱللَّهِ	إِلَـٰهًا ءَاخَرَ	لَا بُرْهَـٰنَ	لَهُۥ	بِهِۦ	فَإِنَّمَا
اللہ کے ساتھ	کسی دوسرے معبود کو	کہ نہیں کوئی دلیل	اس کے لیے	اس بات پر	تو بس
اور جو کوئی اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو پکارے جس کے بارے میں اس کے پاس کوئی دلیل موجود نہیں ہے					

حِسَابُهُۥ عِندَ رَبِّهِۦٓ ۚ إِنَّهُۥ لَا يُفْلِحُ ٱلْكَـٰفِرُونَ ﴿١١٧﴾ وَقُل

حِسَابُهُۥ	عِندَ رَبِّهِۦٓ ۚ	إِنَّهُۥ	لَا يُفْلِحُ	ٱلْكَـٰفِرُونَ ﴿١١٧﴾	وَقُل
اس کا حساب تو	اس کے رب کے پاس ہے	بیشک	فلاح نہیں پائینگے	کافر	اور کہہ دیجیے
تو اس کا حساب اس کے رب کے پاس ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ ایسے کافر فلاح نہیں پائینگے۔ اور کہہ دیجیے					

رَّبِّ ٱغۡفِرۡ وَٱرۡحَمۡ وَأَنتَ خَيۡرُ ٱلرَّٰحِمِينَ ﴿١١٨﴾

رَّبِّ	ٱغۡفِرۡ	وَٱرۡحَمۡ	وَأَنتَ	خَيۡرُ ٱلرَّٰحِمِينَ ﴿١١٨﴾
اے میرے رب!	تو بخش دے	اور تو رحم فرما	اور تو	سب رحم کرنے والوں سے بہتر ہے
اے میرے رب! تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تو تمام رحم کرنے والوں میں سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔				

For updates, suggestions and/or comments please contact us on the following:

- Mohammad Abdur Rasheed
    - Mobile + Whatsapp: +1 (647) 462-7454
    - Email: mohammadrasheed97@gmail.com
- Jad Ul Haque
    - Mobile + Whatsapp: +1(343)6332211
    - Telegram: @jadulhaque
    - Email: jadulhaque@gmail.com
- Azka Abdur Rasheed
    - Email: azka.a.rasheed@gmail.com

- For other documents (surahs and duas) please visit the following link: https://archive.org/details/@shehla_rani